## برطانیہ کے وزیراعظم ڈیوڈ کیمرون کی جانب سے پاکستان پر دہشت گردوں کی حمایت کے الزامات افسوسناک ہیں۔الطاف حسین

## صدر آصف علی زرداری پوری قوم کے احساسات وجذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنے دورہء برطانیہ پر نظر ثانی کریں

لندن۔۔۔31 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے برطانیہ کے وزیراعظم ڈیوڈ کیمرون کی جانب سے پاکستان پر دہشت گردوں کی حمایت اور تعاون کے الزامات کو افسوسناک قرار دیا ہے اور صدر آصف علی زرداری سے کہا ہے کہ وہ اس معاملے پر پوری قوم کے احساسات وجذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنے دورہء برطانیہ پر نظر ثانی کریں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کو چاروں جانب سے الزامات کا نشانہ بنایا جارہا ہے، چندروز قبل ایک امریکی ویب سائٹ پر افغان جنگ کے حوالے سے شائع ہونیوالی دستاویزات میں پاکستان پر کئی الزامات لگائے گئے،اسکے بعد امریکی ایڈمرل مائیک مولن اور دیگر امریکی رہنماؤں نے پاکستان کے اداروں کو معطون کیا اور اب برطانیہ کے وزیراعظم ڈیوڈ کیمرون نے بھارت کے دورے کے موقع پر پاکستان پر دہشت گردوں سے تعاون کے الزامات لگائے ہیں جو پوری قوم کیلئے باعث تشویش ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں گزشتہ چند سالوں کے دوران پاکستان کی مسلح افواج، پیراملٹری فورسز،آئی ایس آئی ودیگر سرکاری ایجنسیوں اور پولیس کے ہزاروں افسروں اور جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے اور پاکستان کے ہزاروں شہری بھی دہشت گردی کا نشانہ بنے ہیں اسکے باوجود پاکستان پر دہشت گردوں کی حمایت کے الزامات عائد کرنا انتہائی افسوسناک ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان برسوں سے قریبی تعلقات قائم ہیں لہٰذا برطانوی وزیراعظم کو اس قسم کے بیانات سے گریز کرنا چاہیے جن سے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات متاثر ہوں اور تلخیاں پیدا ہوں۔

## غیر ضروری سرگرمیوں کو چھوڑ کر سیلاب زدگان کی ہنگامی بنیادوں پر مدد کی جائے۔،الطاف حسین کا مطالبہ

## سیلاب میں گھرے ہوئے عوام کی فوری امداد کیلئے تمام تر سرکاری وسائل بروئے کار لائے جائیں

## عوام اپنے متاثرہ بھائیوں کی حتی المقدور مدد کریں۔الطاف حسین کی وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے ٹیلیفون پر بات چیت

لندن۔۔۔31 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ اس وقت پورا پاکستان سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہے لہٰذا تمام غیر ضروری سرگرمیوں کو چھوڑ کر قیامت خیز سیلاب اور طوفانی بارشوں سے متاثر ہونیوالے عوام کی ہنگامی بنیادوں پر مدد کی جائے اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے تمام تر سرکاری وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے یہ بات وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے صوبہ خیبر پختونخوا،صوبہ بلوچستان،صوبہ پنجاب،صوبہ سندھ،قبائلی علاقہ جات،گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں سیلاب اور طوفانی بارشوں کے نتیجے میں سینکڑوں افراد کے جاں بحق ہونے اور بڑے پیمانے پر ہونیوالی تباہی پر صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور صوبائی وزرائے اعلیٰ سے افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قیامت خیز سیلاب اور طوفانی بارشوں کے نتیجے میں سینکڑوں افراد جاں بحق اور لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں اور ہزاروں خاندان سیلاب میں گھرے ہوئے ہیں،سینکڑوں دیہات تباہ اور کئی شہر مکمل طور پر سیلاب میں ڈوبے ہوئے ہیں۔اس وقت حکومت کو چاہیے کہ تمام غیر ضروری سرگرمیوں کو چھوڑ کر ہنگامی بنیادوں پر سیلاب زدگان کی مدد کی جائے۔انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے متاثرہ بھائیوں کی حتی المقدور مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے مارگلہ میں طیارے کے اندوہناک حادثے پر بھی صدر، وزیراعظم، وفاقی وزیر داخلہ اور سانحہ میں شہید ہونیوالے تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور حکومت سے کہا کہ سانحہ کی جلد از جلد تحقیقات کی جائے اور سانحہ کے شہداء کے ورثاء کی ہر ممکن مدد کی جائے۔وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے سانحہ مارگلہ کے شہداء کے ورثاء کی امداد کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے کارکنوں، رہنماؤں اور منتخب نمائندوں کی بھرپور معاونت کو بھی سراہا۔

## نوجوان سکھ سبھا پاکستان کے چیئرمین سردار رمیش سنگھ کی سربراہی میں وفد نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگارِ شہدائے حق پر حاضری دی

کراچی۔۔۔31، جولائی 2010ء

نوجوان سکھ سبھا پاکستان کے چیئرمین سردار رمیش سنگھ کی سربراہی میں وفد نے گزشتہ روز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے شہداء کی یاد میں تعمیر کی گئی ''یادگارِ شہدائے حق'' پر حاضری دی اور حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ، حق پرست رکن اقلیتی رکن قومی اسمبلی منور لال، ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد، جوائنٹ انچارج گوسوامی وجے مہاراج اور نوجوان سکھ سبھا پاکستان کے وفد میں شامل سردار کرن سنگھ رائے اور سردار ارجن سنگھ بھی موجود تھے۔یادگار شہدائے کی تعمیر کو وفد کے ارکان نے تاریخی کارنامہ قرار دیا اور مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی قلمبند کئے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے سہون شریف میں حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے عرس کی تقریبات کے موقع پر 2 سہ روزہ طبی کیمپوں کا انعقاد کر دیا

سہون۔۔۔31، جولائی 2010ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سہون شریف میں حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے عرس کی سہ روزہ تقریبات کے موقع پر زائرین کو طبی امداد کی فراہمی کیلئے 2 بڑے طبی کیمپوں کا انعقاد کر دیا گیا ہے۔یہ طبی کیمپس گولڈن گیٹ اور تعلقہ اسپتال کے سامنے لگائے گئے ہیں جہاں زائرین کا زبردست ہجوم دکھائی دیا۔سہ روزہ طبی کیمپوں کے پہلے روز ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے نے ہزاروں زائرین کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔طبی کیمپوں سے استفادہ کرنے والے زائرین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبی کیمپوں کے انعقاد کو سراہا اور اسے زائرین کی بڑی خدمت قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ حضرت لعل شہباز قلندرؒ سندھ کی بڑی اور عظیم بزرگ ہستی ہیں اور ان کے عرس کی تقریب میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر طبی کیمپوں کا جس طرح سے باقاعدگی سے انعقاد کیا جا رہا ہے وہ صوبہ سندھ اور اس کی بزرگ ہستیوں سے جناب الطاف حسین کی محبت اور عقیدت کا کھلا اعتراف کر رہا ہے۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازیٔ عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے مزار پر حاضری دی، الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

سہون شریف۔۔۔31، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب نے سہون شریف میں حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے عرس کی سہ روزہ تقریبات کے آغاز کے موقع پر مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے دہشت گردی کے خاتمے، ملک میں امن وامان کے قیام، ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازیٔ عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔بعدازاں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر مزار کے اطراف لگائے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبی کیمپوں کا دورہ کیا اور زائرین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی کیمپوں پر خدمات انجام دینے والے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اسے انسانیت کی بے لوث اور بڑی خدمت قرار دیا۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رضا ہارون اور رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد نے فضائی سانحہ کے شہید مزید 4 افراد کی میتیں ایئرپورٹ سے وصول کیں میتوں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں میں حیدرآباد اور کراچی کے مختلف علاقوں کیلئے روانہ کیا

کراچی۔۔۔31، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد نے فضائی سانحہ میں شہید ہونے والے مزید 4 افراد کی میتیں کراچی ایئرپورٹ سے وصول کیں اور انہیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے ذریعے رہائشگاہوں تک پہنچایا۔تفصیلات کے مطابق فضائی حادثہ میں شہید ہونے والے وسیم حسین اور حسن نسیم کی میتوں کو ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے ایئرپورٹ سے وصول کیا اور بعدازاں میتوں کو سوگواران کے ہمراہ حیدرآباد روانہ کیا۔فضائی حادثے میں شہید ہونے والے کراچی کے ہی

رہائشی نوید چوہدری اور سید ارسلان کی میتوں کو بھی ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے ایئر پورٹ سے وصول کیا اور انہیں کراچی کے علاقے ڈی ایچ اے اور گلستان جوہر روانہ کیا۔اس موقع پر سوگواران سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین فضائی سانحہ پر انتہائی غم زدہ ہیں اور ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اور کارکنان سوگواران کے ساتھ دکھ اور غم کی گھڑی ہرگز تنہا نہیں چھوڑیں گے۔انہوں نے شہداء کے بلند درجات کیلئے دعا کی اور سوگواران کو صبر وجمیل کی تلقین بھی کی۔

## الطاف حسین کے درس کے مطابق کارکنان ملک بھر میں یکساں تعلیمی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کریں، فرحان شمس
## سیکریٹری جنرل اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کی تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔31، جولائی 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سیکریٹری جنرل فرحان شمس نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق جدید تعلیم حاصل کریں اور ملک بھر میں یکساں تعلیمی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اے پی ایم ایس او کے ذیلی سیکٹر بی کی تنظیم نو کے موقع پر منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے اے پی ایم ایس او کے جوائنٹ سیکریٹری سید فرقان علی نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث تعلیمی نظام بدحالی کا شکار ہے اور جاگیردارانہ نظام کے حواری یہ نہیں چاہتے کہ ملک کے مظلوم عوام تعلیم سے روشناس ہوں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او تحریک کا ہراول دستہ ہے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اے پی ایم ایس او کے ہر کارکن کو اپنی بھرپور صلاحیتیوں کا استعمال کرنا ہوگا۔انہوں نے ذیلی سیکٹر بی کے نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ تحریک کے مشن، مقصد اور نظریے کی کامیابی کیلئے تحریک کا پیغام گھر گھر پھیلائیں۔

## نامعلوم افراد کی جانب سے ایم او سی کراچی بلدیہ ٹاؤن یونٹ 7 کو نذر آتش کا واقعہ کھلی اشتعال انگیزی ہے، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی۔۔۔31، جولائی 2010ء

متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی نے نامعلوم افراد کی جانب سے MOC کراچی بلدیہ ٹاؤن یونٹ 7 کو نذر آتش کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کھلی اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹیکے ارکان نے کہا کہ نامعلوم افراد کی جانب سے MOC کراچی کے بلدیہ ٹاؤن یونٹ 7 کو نذر آتش کر دیا جس کے باعث آفس میں موجود فرنیچر اور دیگر سامان جل کر راکھ ہوگیا۔انہوں نے کہا کہ ایم او سی کے یونٹ آفس کو نذر آتش کرنے کے مذموم واقعہ پر علاقے کے عوام میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور یہ اشتعال انگیز واقعہ شہر میں نقص امن پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے اراکین نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ MOC کراچی بلدیہ ٹاؤن یونٹ 7 کو نذر آتش کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔

## فضائی سانحہ میں کارکنان کے عزیز واقارب کے شہید ہونے پر اے پی ایم ایس او کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔31، جولائی 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وارا کین مرکزی کابینہ نے اسلام آباد فضائی سانحہ میں اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی کے سیکٹر ممبر تنظیر صوفی کی ماموں زاد بہن محترمہ جویریا فراز، سیکٹر سی جناح سائنس یونٹ کے کارکن اسامہ اور جناح پولی ٹیکنک یونٹ کے کارکن طلحہ کے ماموں عاطف قریشی اور فیصل قریشی کے شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے شہداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اس سانحہ پر پوری قوم غم زدہ ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆